Human Resources Administration
Department of Social Services

Department of Homeless Services

Bill de Blasio
Mayor

Steven Banks
Commissioner

## پاتھوے ہوم پروگرام
## اہلیت کے تعین کا اطلاع نامہ

گاہک کا نام
پناہ گاہ
پتہ 1
پتہ 2
CARES کیس #:
**درخواست کی تاریخ: مہینہ/دن/سال** **اطلاع نامہ کی تاریخ: مہینہ/دن/سال**
درخواست #:

___________ کو آپ نے پاتھوے ہوم پروگرام کے لیے درخواست جمع کی۔

☐ آپ پاتھوے ہوم پروگرام کے لیے **اہل** ہیں۔
آپ کو مندرجہ ذیل مقام پر واقع رہائش گاہ میں میزبان فیملی میں شامل ہونے کی منظوری دی جاتی ہے:
__________________________________________________________________-
آپ کا میزبان ____________________$ کی ماہانہ ادائیگی وصول کرے گا۔

☐ آپ مندرجہ ذیل سبب (اسباب) کی وجہ سے پاتھوے ہوم پروگرام کے لیے **اہل نہیں** ہیں:
☐ آپ کی درخواست نامکمل ہے۔ آپ نے مندرجہ ذیل دستاویزات جمع نہیں کیے ہیں: ______________________________________________
______________________________________________________________________________-
☐ آپ کے گھرانے میں کم از کم ایک ایسا رکن شامل نہیں ہے جو نقد امداد (واحد انشورنس یا فعال) کو حاصل کرتا ہے، اور گھرانے کے تمام ارکان کو، جو نقد امداد (واحد انشورنس یا فعال) کے لیے اہل ہیں، ایسے فوائد ضرور حاصل کرنے چاہئں ۔
☐ آپ کے گھرانے کی کل مجموعی آمدنی اس وفاقی غربت کی سطح کے 200 فیصد سے تجاوز کرتی ہے جو ریاستہائے متحدہ امریکہ کے محکمہ برائے صحت اور انسانی خدمات کے ذریعہ سالانہ طور پر مقرر کیا جاتا ہے۔
☐ آپ کے گھرانے میں کوئی ایسا بچہ شامل نہیں ہے جو نیویارک کوڈز، قواعد وضوابط کے عنوان 18 کے دفعہ 369.2(c) میں درج کردہ معیار کو پورا کرتا ہو۔
☐ آپ کا گھرانہ DHS پناہ گاہ کے لیے اہل نہیں پایا گیا ہے۔
☐ آپ کا گھرانہ ابھی سٹی کے پناہ گاہ کے نظام میں نہیں رہتا ہے۔
☐ آپ کا گھرانہ کم از کم نوے مسلسل دنوں تک سٹی کے پناہ گاہ کے نظام میں نہیں رہا ہے۔
☐ آپ نے کسی ایسی میزبان فیملی کی شناخت نہیں کی ہے جس نے آپ کے گھرانے کو ایسی ماہانہ ادائیگی میں اپنے رہائش گاہ میں رہنے کی اجازت دینے کے لیے اتفاق کیا ہو جو قابل اطلاق زیادہ سے زیادہ سے تجاوز نہ کرتی ہو۔
☐ میزبان فیملی کی رہائش گاہ میں آپ کے ذریعہ شناخت کردہ میزبان فیملی کے ساتھ رہنا آپ کے گھرانے کی صحت، تحفظ، یا فلاح وبہبود کے لیے خطرناک ہے۔
☐ دیگر: ________________________________________________________________
______________________________________________________________________________

## ہمارے تعین کے جائزہ لینے کا حق

**کیا آپ کو لگتا ہے کہ ہم غلط ہیں؟ *(اگر ایسا ہے، تو فوری طور پر HRA سے رابطہ کریں)***

اگر آپ کو لگتا ہے کہ آپ کی اہلیت کے تعین کا اطلاع نامہ یا پاتھوے ہوم پروگرام کی ماہانہ ادائیگی کی رقم غلط ہے، تو آپ HRA کے ساتھ جائزے کی کانفرنس کی درخواست کر سکتے ہیں۔ اگر ہم نے غلطی کی ہے، تو ہم اسے درست کریں گے۔ اگر، اپنے کیس مینیجر سے بات کرنے کے بعد، آپ وصول کردہ وضاحت سے مطمئن نہیں ہیں، تو آپ فیصلے کے جائزہ کی درخواست کر سکتے ہیں۔ اکثر، فیصلے پر نظرثانی کروانے کا تیز ترین طریقہ HRA کے ساتھ کانفرنس کی درخواست کرنا ہے۔

**جائزے کی کانفرنس کی درخواست کیسے کریں**

جائزے کی کانفرنس کی درخواست کرنا بہت آسان ہے۔ صرف 929-221-0043 پر کال کریں اور کہیں کہ آپ پاتھوے ہوم پروگرام کے لیے اپنی اہلیت کے بارے میں جائزے کی کانفرنس کی درخواست کر رہے ہیں۔ جلد از جلد اس کا شیڈول تیار کر دیا جائے گا۔

**جائزے کی کانفرنس میں کس چیز کی توقع کریں**

جائزے کی کانفرنس میں، ہم آپ کے ساتھ اپنے فیصلے پر بات چیت کریں گے۔ بعض اوقات میں یہ آپ کے پاس موجود کسی بھی مشکل کو حل کرنے کا تیز ترین طریقہ ہوتا ہے۔

اگر آپ کے پاس وہ دستاویزات موجود ہیں جو یہ ظاہر کرتی ہوں کہ غلطی ہوئی ہے، تو آپ ہمیں غلطی بتا سکتے ہیں اور ہم آپ کے معلومات کو تبدیل کرنے یا اپ ڈیٹ کرنے کے تیز ترین طریقے کے بارے میں رہنمائی کریں گے۔

اگر آپ جائزے کی کانفرنس کے نتائج سے مطمئن نہیں ہیں، تو ابھی بھی آپ کو انتظامی اپیل کا حق حاصل ہے۔ **آپ کے اپیل کی درخواست کرنے کے وقت میں آپ کے کانفرنس کی تاریخ کے بعد 60 دنوں تک کی توسیع کی جائے گی۔**

**انتظامی اپیل کا عمل**

**اپیل کی درخواست کرنے کی آخری تاریخ:** آپ کے پاس انتظامی اپیل کی درخواست کرنے کے لیے اس اطلاع نامہ کی تاریخ یا آپ کے کانفرنس کی تاریخ سے 60 دن ہوتے ہیں۔

**انتظامی اپیل کا مطالبہ کیسے کریں:**

آپ **ڈاک**، **فیکس**، یا **ای میل** کے ذریعہ انتظامی اپیل کا مطالبہ کر سکتے ہیں۔ اگر آپ فیکس یا ای میل کے ذریعہ HRA تک نہیں پہنچ پاتے ہیں، تو براہ مہربانی آخری تاریخ سے پہلے انتظامی اپیل کا مطالبہ کرنے کے لیے Pathway Home Program Appeals, 150 Greenwich Street, 36th Floor, New York, NY 10007 پر لکھ کر بھیجیں۔

**(1) ڈاک:** **اس اطلاع نامہ کے سبھی تینوں صفحات** کی ایک، مکمل شدہ، کاپی مندرجہ ذیل پتہ پر بھیجیں:

Pathway Home Program Appeals
150 Greenwich Street, 36th Floor
New York, NY 10007
(براہ مہربانی ایک کاپی اپنے پاس رکھیں۔)

☐ **میں ایک انتظامی اپیل چاہتا ہوں۔ میں سٹی کے فیصلے سے اتفاق نہیں کرتا ہوں۔**
(آپ ذیل میں اس بات کی وضاحت کر سکتے ہیں کہ آپ اتفاق کیوں نہیں کرتے ہیں، لیکن آپ کو ایک تحریری وضاحت نہیں شامل کرنا ہے۔)

________________________________________
________________________________________
________________________________________
________________________________________

نام پرنٹ کریں: ____________________ کیس نمبر: ____________
نام درمیانی نام آخری نام

پتہ: ____________________

ٹیلی فون: ____________

شہر: ________ ریاست: ____ زپ کوڈ: ______

دستخط: ____________________ تاریخ: ____________

**(2) فیکس:** **اس اطلاع نامہ کے سبھی تینوں صفحات** کی ایک کاپی مندرجہ ذیل نمبر پر فیکس کریں: **917-639-0313**۔
(پناہ گاہ میں رہتے وقت، آپ کا فراہم کنندہ اپیل کی درخواست کرنے کے لیے باقاعدہ کاروباری اوقات کے دوران پناہ گاہ کی فیکس مشین کو دستیاب کرائے گا۔)

**(3) ای میل:** **اس اطلاع نامہ کے سبھی تینوں صفحات** کو اسکین کریں اور مندرجہ ذیل پتہ پر ای میل کریں: RACC@hra.nyc.gov

**انتظامی اپیل کی سماعت میں کس چیز کی توقع کریں**

HRA آپ کو ایک اطلاع نامہ بھیجے گا جو آپ کو بتائے گا کہ اپیل کی سماعت کب اور کہاں ہوگی۔

سماعت میں، آپ کو اس بات کی وضاحت کرنے کا موقع ملے گا کہ آپ کو کیوں لگتا ہے کہ فیصلہ غلط ہے۔ آپ کسی وکیل، رشتہ دار، دوست یا کسی اور شخص کو اس میں اپنی مدد کرنے کے لیے لا سکتے ہیں۔ اگر آپ خود نہیں آ سکتے ہیں، تو آپ اپنی نمائندگی کرنے کے لیے کسی کو بھیج سکتے ہیں۔ اگر آپ اپنی جگہ پر سماعت میں کسی ایسے شخص کو بھیج رہے ہیں جو وکیل نہیں ہے، تو آپ سماعت کے افسر کو یہ دکھانے کے لیے اس شخص کو ایک خط ضرور دیں کہ آپ چاہتے ہیں کہ وہ شخص سماعت میں آپ کی نمائندگی کرے۔

سماعت میں اس بات کی وضاحت کرنے میں آپ کی مدد کرنے کے لیے کہ آپ کو کیوں لگتا ہے کہ ہم غلط ہیں، آپ کو کسی ایسے گواہ کو لانا چاہئے جو آپ کی مدد کر سکے۔ آپ کو کوئی کاغذات بھی لانے چاہئیں جو آپ کے پاس ہوں، جیسے: ادائیگی کی رسیدیں، لیز، رسیدیں، بل، ڈاکٹر کے بیانات۔ سماعت میں، آپ اور آپ کا وکیل یا دیگر نمائندہ ان گواہوں سے سوال پوچھ سکتا ہے جنھیں ہم لاتے ہیں یا جسے آپ اپنے کیس میں مدد کرنے کے لیے لاتے ہیں۔

**اگر آپ کو کوئی معذوری ہے اور آپ سفر نہیں کر سکتے ہیں،** تو آپ کسی نمائندہ، خواہ وہ دوست، رشتہ دار یا وکیل ہو، کے ذریعہ حاضر ہو سکتے ہیں۔ اگر آپ کا نمائندہ کوئی وکیل، یا وکیل کا ملازم نہیں ہے، تو آپ کے نمائندے کو سماعت کے افسر کے پاس ایک دستخط شدہ تحریری خط لانا ضروری ہے۔

اگر آپ کو کوئی معذوری ہے اور کانفرنس یا سماعت میں شرکت کرنے کے لیے کسی موزوں سہولت کی ضرورت ہے، جیسے سائن زبان کا مترجم، بصری معذوری کے لیے مدد یا کسی دیگر سہولت کی ضرورت ہے، تو براہ مہربانی اس فارم پر اس کی درخواست کریں۔

**قانونی مدد**

اگر آپ کو لگتا ہے کہ اس مسئلے میں آپ کی مدد کرنے کے لیے آپ کو کسی وکیل کی ضرورت ہے، تو آپ اپنے مقامی لیگل ایڈ سوسائٹی یا دیگر مقامی وکالت کے گروپ سے رابطہ کر کے مفت میں وکیل حاصل کرنے کے اہل ہو سکتے ہیں۔ لیگل ایڈ یا دیگر وکالت کے گروپوں یا دیگر وکیلوں کے ناموں کے بارے میں رابطہ کی معلومات کے لیے "وکلاء" کے نیچے اپنے پیلے رنگ کے صفحات کو چیک کریں یا مساوی انٹرنیٹ کو چیک کریں۔

**آپ کی فائل اور دستاویزات کی کاپیوں تک رسائی**

سماعت کے لیے تیار ہونے میں آپ کی مدد کرنے کے لیے، آپ کو اپنے کیس کی فائل کو دیکھنے کا حق حاصل ہے۔ اگر آپ HRA کو کال کریں گے، لکھ کر بھیجیں گے یا فیکس کریں گے، تو ہم آپ کی فائلوں سے دستاویزات کی کاپیاں مفت میں آپ کے پاس بھیجیں گے جسے ہم سماعت میں سماعت کے افسر کو دیں گے۔ اس کے علاوہ، اگر آپ ہمیں کال کریں گے، لکھ کر بھیجیں گے یا فیکس کریں گے، تو ہم ان دیگر مخصوص دستاویزات کی کاپیاں آپ کے پاس مفت میں بھیجیں گے جس کے بارے میں آپ کا خیال ہے کہ آپ کو اپنی اپیل کی سماعت کے لیے تیاری کرنے میں ضرورت ہو سکتی ہے۔ دستاویزات کا مطالبہ کرنے یا اپنی فائل کو دیکھنے کے طریقے کا پتہ لگانے کے لیے HRA کو **929-221-0043** پر کال کریں یا HRA کو **Pathway Home Program, 150 Greenwich Street, 36th Floor, New York, NY 10007** پر لکھ کر بھیجیں۔

اگر آپ اپنے کیس کی فائل کے دستاویزات کی کاپیاں چاہتے ہیں، تو آپ کو وقت سے پہلے ان کا مطالبہ کرنا چاہئے۔ وہ آپ کو سماعت کی تاریخ سے پہلے مناسب وقت کے اندر فراہم کی جائیں گی۔ دستاویزات آپ کے پاس صرف اسی صورت میں میل کی جائیں گی اگر آپ خاص طور پر کہیں گے کہ انھیں آپ کے پاس میل کیا جائے۔

**معلومات**

اگر آپ اپنی کیس، انتظامی اپیل کا مطالبہ کرنے کے طریقے، اپنی فائل دیکھنے کے طریقے، یا دستاویزات کی اضافی کاپیاں حاصل کرنے کے طریقے کے بارے میں مزید معلومات چاہتے ہیں، تو HRA کو **929-221-0043** پر کال کریں یا Pathway Home Program, 150 Greenwich Street, 36th Floor, New York, NY 10007 پر لکھ کر بھیجیں۔

**اپیل کے اضافی حقوق**

اگر آپ کو لگتا ہے کہ سماعت کے افسر کا فیصلہ غلط ہے، تو آپ کو HRA کے اندر اعلی درجے کے مینیجر کے پاس سماعت کے افسر کے فیصلے کے خلاف اپیل کرنے کا حق حاصل ہوگا۔ اضافی اپیل کرنے کے طریقے کے بارے میں معلومات سماعت کے افسر کے فیصلے میں شامل کی جائے گی۔